قارئین کے خطوط

بخدمت جناب محترم مدیر صاحب سہ ماہی المباحث الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ ! بعد از سلام مسنون۔ گذارش ہے کہ میں جناب حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی نور اللہ مرقدہ کا اس وجہ سے مداح ہوں کہ انہوں نے جدید مسائل کے حل میں امت مسلمہ کی پریشانی کو دور کرنے کی کوشش شروع کی ہیں۔ میں نے یہ رسالہ مطالعہ کیا۔ بہت خوشی ہوئی انشاء اللہ میں نے یہ عزم وارادہ کیا ہے کہ میں آپ کے رسالے کا مستقل خریدار بنوں لیکن یہ ایک رسالہ نہیں بلکہ یہ بہت اچھا اور مفید ضخیم کتاب ہے۔

سلطان محمد حقانی دار العلوم صفہ ٹاؤن۔ بلوچستان

فضيلة الشيخ رئيس التحرير "مجلة المباحث الاسلامية"

السلام عليكم ورحمة الله رأيتُ مجلتكم قبل ايام وبعد قراءة جزء منها وجدتها مفيدة للطالبين والعلماء فازمعت ان اكتب اليكم ان ترسلوا الى مدرستنا هذه المجلة مجانا لو كان في وُسعكم وقد ياتي الينا "الفقه الاسلامي" من كراتشي والطلاب والعلماء يحبون قراءتها والاستفادة منها وعلى كل حال لوسمحتم وارسلتم الينا مجلة المباحث الاسلامية مجاناً لنكونن من الشاكرين.

ترجمہ: بخدمت جناب رئیس التحریر سہ ماہی المباحث الاسلامیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ کچھ عرصہ قبل آپ کے مجلّہ کو دیکھا مطالعہ کیا طلباء اور علماء کے لئے یکساں مفید پایا اس غرض کے لئے خط ارسال کر رہا ہوں کہ انجناب ہمارے مدرسہ میں بھی اس اہم مجلّہ کو اعزازی جاری کر دیں۔ اور اس سے پہلے ہمارے جامعہ میں "الفقہ الاسلامی" کراچی سے موصول ہوتی ہے۔ طلباء اور جملہ مدرسین اس کے پڑھنے میں بہت ہی رغبت رکھتے ہیں۔ بہر حال اگر آپ ہمیں مجلّہ دیا کریں تو ہم مشکور رہیں گے۔ والسلام

جاوید اقبال ڈیرہ اسماعیل خان

محترم المقام جناب رئیس التحریر صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! جیسا کہ جناب ڈاکٹر شیر محمد زمان صاحب ڈائریکٹر جنرل شریعہ اکیڈمی نے ہدایت کی ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان کے مجلّہ "المباحث الاسلامیہ" کا ایک مکمل سیٹ اکیڈمی لائبریری کے لئے اعزازی طور پر عنایت فرمائے اور اکیڈمی کو مستقل طور پر اس کی اعزازی ترسیل جاری رکھی جائے۔ شکریہ محمد ممتاز لیاقت

اسسٹنٹ ڈائریکٹر پبلیکیشنز شریعہ اکیڈمی اسلام آباد

......☆☆☆☆☆......